# اجتماعی قربانی اور قربانی کی کھالوں کے 33 مدنی پھول

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ط

# اجتماعی قربانی اور قربانی کی کھالوں کے ”33“ مدنی پھول

1 قربانی کی کھالیں جامعۃ المدینہ/ مدرسۃ المدینہ وغیرہ کسی خاص شعبے کے لئے نہیں بلکہ **دعوتِ اسلامی** کے نام پر اکھٹی کی جائیں۔

2 جن شہروں میں جامعۃ المدینہ/ مدرسۃ المدینہ نہیں وہ بھی **دعوتِ اسلامی** کے نام پر کھالیں اکھٹی کریں۔ (نگرانِ کابینہ کی اجازت ضروری ہے)

3 کسی بھی سُنّی/ سُنّیوں کے جامعہ/ مدرسہ وغیرہ کی مخالفت ہرگز نہ کیجئے۔ (تفصیلی معلومات کے لیے ”**چندے کے بارے میں سوال جواب**“ ص**84** تا**88** کا ضرور مطالعہ فرمائیے)

4 قربانی کی کھالوں کے بینرز **مُناسب مقامات** پر لگائیے اور بعدِ عید فوراً اُتار کر محفوظ کر لیجئے۔ (مجلسِ رابطہ کے ذریعے انتظامیہ سے پیشگی اجازت لے لی جائے)

5 اجتماعی قربانی (گائے) کی بھی ترکیب بنائیں۔ اس کے لیے مختلف مقامات پر بینرز بھی لگائیں۔

6 یکم ذُوالحِجَّۃِ الْحَرام سے تقسیمِ رسائل کی بھی ترکیب کیجئے اور بالخصوص امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا رسالہ ”**ابلق گھوڑے سوار**“ اور ”**بیٹا ہوتو ایسا**“ گھر گھر، دُکان دُکان اور نمازِ جمعہ کے بعد اور مدنی مشوروں وغیرہ میں تقسیم کیجئے۔ یہ رسائل مویشی منڈی، مویشی منڈی کی **جائے نماز** اور قربانی کی کھال دینے کی نیت کرنے والے کو پیش کریں، پوش علاقے (Vip Areas) اور نیو سوسائٹیز (New Socities) میں بھی رابطہ کریں۔ **ہدف فی ذیلی حلقہ: 52 رسائل۔**

7 نگرانِ کابینہ و نگرانِ کابینات **عیدالاضحٰی کے تینوں دن** بستوں اور گودام میں قربانی کی کھالوں کے جائزے کو اپنے جدول میں شامل کریں۔

8 **نگرانِ کابینہ، ذیقعدہ** کے آخری عشرے میں اپنے ہر ڈویژن/ شہر/ علاقے میں **مدنی مشورہ** کریں، جس میں شہر/ علاقے سے تمام ذیلی، حلقہ، علاقہ، شہر مشاورت کے اراکین اور منسلک اسلامی بھائی شریک ہوں۔ اِسی طرح نگرانِ کابینات، تمام کابینہ اور کابینات کا مدنی مشورہ کریں، جس میں مدنی کام کے لئے مدنی عطیات کی ضرورت پر گفتگو کر کے ہدف دیں اور اِس مکتوب کی روشنی میں کھالیں اِکٹھی کرنے کی ترا کیب بنائیں نیز مجلسِ مالیات سے قربانی کی کھالوں کی رسیدیں وصول کر کے گھر گھر، دُکان دُکان جا کر قربانی کی کھالیں دینے کی ترغیب دلائی جائے۔

9 اسلامی بہنیں اپنے ”**محارم**“ کو قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے لیے ترغیب دِلائیں۔

10 ”**شہر مالیات ذمہ داران**“ سابقہ سال جمع ہونے والی قربانی کی کھالوں کا ریکارڈ نگرانِ علاقائی مشاورت سے لیں اور اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں۔ تمام ذمہ داران کے لیے ضروری ہے کہ مجلسِ مالیات کی طرف سے ملنے والی قربانی کی کھالوں کی رسیدوں کو مکمل پُر کریں اور 100% واپسی کی بھی ترکیب بنائیں۔

11 **قربانی کی کھالیں جمع کرنے کا ہدف** (فی ذیلی حلقہ): **چھوٹی کھالیں**: 41 یا 12 **بڑی کھالیں، اجتماعی قربانی کا ہدف**: ایک جانور یا 7 حصّے (ہر دعوتِ اسلامی والا، معتکف و منسلک وغیرہ: ہدف چھوٹی کھالیں 26، بڑی کھالیں 5، اجتماعی قربانی ہدف 5)

12 مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشورے (اگست 2016ء) کے مدنی پھولوں میں ”**اجتماعی قربانی**“ اور ”**قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے گزشتہ سال کے اہدف**“ ”**کابینات وائز**“ دِیے ہوئے ہیں۔ اس سال ان اہداف سے بڑھ کر کوشش کی جائے۔

13 جامعۃ المدینہ (للبنین) کے ذمہ داران، مدرسۃ المدینہ (للبنین) کے ڈویژن ناظم، **ناظمین، مدرسین** وغیرہ کا مدنی مشورہ کریں اور **ہدف دیں** اور اِس مکتوب کی روشنی میں کھالیں اکٹھی کرنے کی ترا کیب بتائیں۔

14 جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ اور دارالمدینہ (حفاظ) کے ناظمین **طلبہ کا مدنی مشورہ کریں** اور انہیں دعوتِ اسلامی کے لئے مدنی عطیات کی اہمیت وضرورت بتا کر کھالیں اکٹھی کرنے کا ذہن اور ہدف دیں۔

15 **ذیقعدہ** کے آخری عشرے میں **شعبہ جات کے نگرانِ مجالس**، بالخصوص مدرسۃ المدینہ بالغان، مدرسۃ المدینہ جُزوقتی، **مدنی عطیات بکس**، مجلس معاونت برائے اسلامی بہنیں، عشر واطراف گاؤں، ائمہ مساجد، تعویذاتِ عطاریہ، شعبۂ تعلیم، مکتبۃ المدینہ وغیرہ اپنے ذمہ داران کے **مدنی مشورے کریں** اور مدنی مرکز کی طرف سے دیئے گئے **اہداف کے مطابق فالو اپ بھی کیا جائے** (اہداف کی تفصیل مکتوب کے آخر میں ملاحظہ کیجئے)

16 قربانی کی کھالوں کے حصول کے لئے ہر جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ اور دارالمدینہ (حفاظ) کے **مدرس، مفتش، ناظم، مدنی عملہ اور طلبہ** بالخصوص کوششیں فرمائیں۔ (طلبہ اور سرپرست صاحبان کو دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات کا مختصر تعارف ﴿دعوتِ اسلامی کی پریزینٹیشن (Presentation/ جس میں دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات کا ویڈیو تعارف کروایا گیا ہے) بھی دکھائی جائے تو مدینہ مدینہ﴾ **مدنی عطیات** و قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی ضرورت بتا کر کھالیں دعوتِ اسلامی کو دینے کا ذہن ضرور دِیا جائے، مدنی مُنّے اپنے گھر کے دیگر افراد و عزیز و اقارب پر اِنفرادی کوشش کر کے اس کی ترکیب بنا سکتے ہیں)

17 شہر میں **مختلف مقامات** پر (حلقہ/ علاقہ وائز) **بستہ** (Stall) کی ترکیب بنائیں۔ ایک اسلامی بھائی کو **بستہ** (Stall) **ذِمہ دار** بنا دیں، ان کے پاس اُس علاقے سے کھال دینے کی نیت کرنے والوں کی فہرست ہونی چاہئے۔

18 قربانی کی کھالوں کے تحفظ کے لئے کھالیں جلد از جلد پکّے گودام میں پہنچائی جائیں۔

19 بڑے شہروں میں ٹرک اور بڑے مزدے استعمال کرنے کی قانوناً اجازت نہیں۔ اس لیے بڑے شہروں میں شہزور گاڑی، سوزوکی، لوڈر رکشوں کا استعمال بہت مناسب رہے گا۔ ذیلی حلقوں، حلقوں اور علاقوں سے جمع ہونے والی کھالیں **متعلقہ مرکزی گودام** (جہاں کھالوں کو نمک لگایا جا رہا ہے) میں پہنچانے کی ترکیب بنائیے تا کہ کھالوں کو بروقت نمک لگا کر محفوظ کیا جا سکے۔ نیز کھالیں دھوپ اور گرمی سے بچائیں۔ (مزید معلومات کے لیے کھالیں جمع کرنے کے مدنی پھولوں کا مطالعہ کیجئے)

20 ہر **بستے** (Stall) پر بینر آویزاں ہونا چاہئے۔ ایک شامیانہ، قنات، ٹیبل، کرسی، چند رسائل، VCDs، رسید بُک، پانی کا کولر اور چند اسلامی بھائی/ جامعۃ المدینہ/ مدرسۃ المدینہ کے بڑے طلبہ بھی ہونے چاہئیں۔

21 ہر **بستے** (Stall) پر کھالیں جمع کرنے والے اسلامی بھائیوں کے لئے مُناسب **خیر خواہی** (کھانے وغیرہ) **کی ترکیب** (نگران کے مشورے سے) کریں۔

22 علاقے سے قربانی کرنے والوں کی **فہرست**، عیدالاضحیٰ سے کم از کم **4** دن **پہلے مکمل** فرما لیں اور ذمہ داریاں (مثلاً کون کس بستے (Stall) پر بیٹھے گا) تقسیم کرلیں۔

23 **کھال کی رسید پیشگی** دے دیں اور اس کو ڈائری (فارم) میں درج بھی فرما لیں، قربانی کا جانور، دن اور **قربانی کا وقت بھی لکھیں**۔ جو پہلے کھالیں دیتے ہیں، اُنہیں اس سال بھی کھال دینے کا کہا جائے (یہ جدول 3 ذوالحجہ تک ہو)، بقیہ 6 دنوں میں نئے رابطے کئے جائیں، سابقہ سال کا ریکارڈ دیکھ کر قربانی کی کھالوں کے لئے رابطہ کریں۔

24 **کھال طے شدہ وقت پر ہی اُٹھالیں** بلکہ پہلے پہنچ جائیں اور قربانی میں وقت باقی ہو تو کسی کو مقرر فرما کر آگے روانہ ہو جائیں۔

25 **نمازِ عیدالاضحیٰ** اس مسجد میں ادا کریں جہاں نماز جلد ہوتی ہو، ہر اسلامی بھائی اپنے ساتھ شاپر میں ایک پاک جوڑا رکھے تا کہ کپڑے خون آلود ہونے کی صورت میں نماز کی ترکیب کی جا سکے۔ (نمازِ باجماعت کی مکمل پابندی کی جائے)۔ جہاں ضرورت ہو وہاں خود ذبح کریں (اگر پہلے سے تجربہ ہو تو) اور فاتحہ خوانی بھی کریں۔



PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

www.dawateislami.net

﴾26﴿ ’’**مجلس فیضانِ مدینہ وائمہ مساجد**‘‘ اپنے شعبے کے تحت ہر مدنی مرکز فیضانِ مدینہ اور مساجدِ دعوتِ اسلامی میں قربانی کی کھالوں کے بستے (Stalls) لگائے، ہر ہر دعوتِ اسلامی والے سے **قربانی کی کھالوں** کا کام لیا جائے۔

﴾27﴿ شہر یا اطراف کے **دیہاتوں** سے کھالیں اُٹھانے کے لیے ضرورتاً اپنے نگرانِ شہر/علاقہ مشاورت کی اجازت سے گاڑی کرائے پر لی جاسکتی ہے۔ سائیکل/موٹر سائیکل کے پیچھے **لکڑی کی پیٹی یا توڑا** رکھ لیں، کھال مکتب پر لے جانے میں سہولت رہے گی۔ ان شاءاللہ عزوجل

﴾28﴿ اجتماعی قربانی کے لیے رقم کی وصولی، گائے کی خریداری، قربانی، گوشت کی تقسیم وغیرہ یہ سب کام کابینہ میں **مجلسِ مالیات** کے کابینہ ذِمہ دار کے زیرِ نگرانی ہوں گے، ہر اجتماعی قربانی کے مقام کے لیے الگ سے مجلس بنائی جائے۔ اس مجلس کی تربیت کی ترکیب ہو، اجتماعی قربانی **شرعی رہنمائی** کے ساتھ کی جائے، اجازت نامہ ملنے پر ہی اجتماعی قربانی کی جاسکے گی ورنہ نہیں۔

﴾29﴿ ہر اجتماعی قربانی کی مجلس میں کم از کم 3 رکن ہوں، ضرورتاً بڑھائے بھی جاسکتے ہیں، جن پر کھالیں اُٹھانے کی ذمہ داری نہ ہو، مجلس میں اگر ’’**مدنی اسلامی بھائی**‘‘ ہوں تو مدینہ مدینہ۔ ❁ نگرانِ کابینہ، اپنی کابینہ میں ہونے والی **اجتماعی قربانی کا پیشگی جائزہ لیں** تاکہ کوئی کام بھی خلافِ شرع نہ ہو، ضرورتاً اِفتاء مکتب سے رابطے میں رہیں۔ ❁ اجتماعی قربانی کی **شرعی احتیاطیں** جاننے کے لیے رسالہ ’’**اجتماعی قربانی کے مدنی پھول**‘‘ نگرانِ کابینہ، مجلسِ مالیات کے ذِمہ داران اور اجتماعی قربانی کی مجلس کے نگران و اراکین کوشش کر کے ہمہ وقت اپنے پاس رکھیں اور وقتاً فوقتاً مطالعہ بھی کرتے رہیں۔

﴾30﴿ **اجتماعی قربانی اور کھالوں کی کارکردگی** (کھالوں کی تفصیل، آمدن اور خرچہ وغیرہ) بقر عید کے بعد ایک ہفتہ کے اندر اندر نگرانِ کابینہ، متعلقہ کابینات دفتر (Office) کو روانہ کریں اور نگرانِ کابینات 10 دن کے اندر اندر متعلقہ رکنِ شوریٰ، مالیات اور پاکستان انتظامی کابینہ دفتر (Office) کو میل فرمادیں۔

﴾31﴿ **نگرانِ کابینات/نگرانِ کابینہ، مجلسِ مالیات کے مشورے سے** قربانی کی کھالوں کے لیے گودام کی ترکیب اور نمک لگانے کے لئے ذمہ دار اسلامی بھائیوں پر مشتمل ایک مجلس بنائیں۔ (موجودہ موسم کے مطابق قربانی کی کھالوں کے تحفظ کے لیے ’’مجلس اجتماعی قربانی/مجلس چرمِ قربانی‘‘ کی مشاورت سے پیشگی انتظامات کیے جائیں، کھال خراب ہونے کی صورت میں قیمت بھی کم ہوسکتی ہے)

﴾32﴿ مجلسِ مالیات **کھالوں کی فروخت** اور رقم کی وصولی کی ذمہ دار ہوگی۔ کسی بھی ذمہ دار کو از خود مکمل کھال یا حصے والے جانور کی کھال خریدنے یا فروخت کرنے کی اجازت نہیں۔

﴾33﴿ **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کی عطا کردہ ’’**قربانی کی کھالیں جمع کرنے والے کے لئے 20 نیتیں**‘‘ اسلامی بھائیوں میں خوب تقسیم کریں۔

**اللہ** عزوجل ہمیں **دعوتِ اسلامی** کے ہر مدنی کام کے لئے ہر وقت تیار رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ **اللہ** عزوجل ہمیں **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ اور **مرکزی مجلسِ شوریٰ** کا اطاعت گزار بنائے۔ اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

---

**مدینہ**: 25 ذیقعدہ 1437 / 18 اگست 2017ء ’’قربانی کی کھالوں کے سلسلے میں **تربیتی اجتماع**‘‘ کابینہ سطح پر ہوگا۔ تمام ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی، مُحِبّینِ دعوتِ اسلامی، تمام معتکفین کو اس **تربیتی اجتماع** میں شرکت کروائی جائے۔

## قربانی کی کھالوں کے اھداف

| شعبہ | سطح | چھوٹی کھالیں | بڑی کھالیں | اجتماعی قربانی جانور |
|---|---|---|---|---|
| جامعۃ المدینہ للبنین | فی درجہ | 26 | 12 | فی درجہ 5 جانور |
| مدرسۃ المدینہ رہائشی | فی درجہ | 26 | 12 | فی درجہ 5 جانور |
| مدرسۃ المدینہ جزوقتی | فی درجہ | 12 | 5 | فی درجہ 5 جانور |
| مدنی عطیات بکس | فی بکس ذمہ دار | 1 | 1 | 12 |
| اسلامی بہنیں | فی اجتماع | 7 | 1 | فی اجتماع 12 |
| مجلس عُشر و اطراف گاؤں | فی گاؤں | 26 | 12 | 5 |
| ائمہ مساجد (فیضانِ مدینہ ومساجدِ دعوتِ اسلامی) | فی مسجد | 41 | 12 | 7 |
| تعویذاتِ عطاریہ | فی بستہ | 26 | 12 | 12 |
| شعبۂ تعلیم | فی ادارہ | 26 | 12 | 12 |
| مکتبۃ المدینہ | فی مکتبۃ المدینہ | 12 | 7 | 12 |
| مدرسۃ المدینہ بالغان | فی مدرسۃ المدینہ | 41 | 26 | 12 |
| فی مسلک اسلامی بھائی | ---- | 26 | 5 | ---- |



PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

## اجتماعی قربانی(گائے )میں حصّہ

قربانی کا مقام:..............................وکیل کا نام..............................وکیل کا فون نمبر:..............................

نام حصہ دار:..........................ولدیت:.......................... موبائل نمبر------------------------------


پیشہ:.....................   مکمل ایڈریس....................................................................................

جانور نمبر:------حصہ نمبر:-------دن:-------نقد رقم:-----------رقم جمع کروانے کی تاریخ:-------------

معرفت:---------------------------ذمہ داری:--------------------------فون نمبر:-------------

نام وصول کنندہ:-------------------------- دستخط وصول کنندہ:------------------------

نوٹ: گوشت کی وصولی کے لیے یہ رسید ہمراہ لانا ضروری ہے   حصہ دار کے دستخط:-------------------




**ایڈریس مدنی مرکز:۔**

**فون نمبرز:**

## پاکستان انتظامی کابینہ دفتر

**تاریخِ اجراء:** ۱۵ ذیقعدۃ الحرام ۱٤۳۸ھ،8اگست 2017ء



PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

www.dawateislami.net